اخبار الجامعہ

ترتیب : نثار اللہ نثار

☆...... 24 رجنوری 2010ء جامعہ المرکز الاسلامی پاکستان بنوں کے بانی حضرت مولانا سید نصیب علی شاہ مرحوم کا نام دینی، سیاسی اور رفاہی خدمات کے حوالے سے ہمیشہ یادرکھا جائے گا۔انہوں نے قلیل مدت میں سرعت کے ساتھ مختلف جہات میں کام کیا گذشتہ دنوں ان کے خدمات کوخراج تحسین پیش کرنے کے سلسلے میں ایک اہم تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ساتھ ہی ساتھ اس تقریب میں دینی سیاست کے پاکستان میں علَم بردار جماعت جمعیۃ العلماء اسلام کے رکن سازی مہم کے سلسلے میں کام کا آغاز ہوا۔مرحوم کی سیاسی وابستگی علمائے ربانی کے اسی جماعت کے ساتھ تھی۔انہوں نے دینی سیاست کے ابجد اس جماعت کا اکابر بالخصوص حضرت مفتی محمودؒ سے سیکھے تھے۔اور ان کی تربیت کا فیضان تھا کہ صوبہ سرحد میں بالعموم اور ضلع بنوں میں بالخصوص ایک وقت ایسا آیا کہ جمعیت اور سید نصیب علی شاہ مرحوم کا اسم گرامی ساتھ ساتھ لیا جانے لگا۔اوراب یہ ایک حقیقت بن گیا ہے کہ جمعیۃ علماء کا ہر تذکرہ حضرت مولانا سید نصیب علی شاہ کے نام نامی کے بغیر ادھورا ہوگا۔حضرت مرحوم کی سیماب صفت شخصیت کا کرشمہ تھا کہ نہایت کم مدت میں دیگر مصروفیات اور خدمات کے ساتھ ساتھ جمعیت العلماء میں نظم وضبط اور حرکت کے حوالے سے ایک نئی روح پھونک دی۔

انہوں نے اقامتِ دین، اشاعت اور مملکتِ خداداد پاکستان میں تحریکِ پاکستان اور بانیانِ پاکستان کے دعوؤں اور خوابوں کو شرمندہ تعبیر کرنے کے لئے ہراَن ہرگھڑی کام کیا اور وطنِ عزیز میں اسلامی نظامِ عدل کے نفاذ کے سلسلے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا۔

پروگرام مذکورہ میں مفتی محمودؒ کے فرزند ارجمند اور وفاقی وزیر سیاحت حضرت مولانا عطاء الرحمان اور صوبہ سرحد کے سابق وزیر اعلیٰ جناب اکرم خان دُرانی نے خصوصیت کے ساتھ شرکت کی۔شرکاءِ پروگرام کی تعداد چار ہزار کے قریب تھی۔

☆...... کفالت وتربیتِ ایتام جامعہ المرکز الاسلامی کا اہم شعبہ ہے۔اوراس خدمت کے لئے جیسا کہ قارئین حضرات کے علم میں یہاں ایک خصوصی ادارہ دارالحبہ للایتام شب وروز مصروف کار ہے۔گذشتہ دنوں ایک خیراتی ادارے اور دارالحبۃ للایتام کے اشتراک سے کفالت ایتام کے سلسلے میں ایک اہم پروگرام ہوا۔جس میں ایتام کو سالانہ وظائف اور دیگر تحائف دیئے گئے۔اور تقریباً 50 لاکھ کے قریب نقد رقوم ایتام میں تقسیم کی گئیں۔

☆...... جامعہ کا شعبہ اسلامی ترقیات بھی مسلسل خدمات جاری رکھے ہوئے ہے۔صوبہ سرحد کے جنوبی اضلاع کا کوئی قریہ ایسا نہیں رہا جہاں اس شعبے نے کسی نہ کسی مد میں کوئی خدمت سرانجام نہ دی ہو۔گذشتہ دنوں مسجد بائیست خیل ضلع لکی مروت میں خوبصورت قالین بچھایا گیا اور وہاں اہلِ قریہ کی سہولت کے لئے فراہمی آب کا منصوبہ مکمل ہوا۔

اسی طرح اعوان آباد سورانی میں فرش بندی، کارپٹ اور فراہمی آب کے منصوبے مکمل ہوئے۔

☆......مجلہ المباحث الاسلامیہ کے مدیر مسئول مفتی عظمت اللہ صاحب کا دورۂ کویت ہوا۔احباب پیر عالم زیب ،میاں محمد نور شاہ اور رؤف اللہ نے اپنے ساتھیوں سمیت مدیر مسئول کا استقبال کیا۔مدیر مسئول نے رابطۃ العالم الاسلامی کے زیر اہتمام منعقدہ کانفرنس الاستنساخ البشری فی ضوء الاسلام میں شرکت کی۔اور خطاب کیا۔اپنے خطاب میں انہوں نے یہاں پاکستان بالخصوص المرکز الاسلامی کی دینی اشاعتی پروگراموں سے شرکاءِ پروگرام کو آگاہ کیا۔رابطہ عالمِ اسلامی کے نائب صدر الدکتور بدر الحسن قاسمی نے خصوصی شفقت اور توجہ کا اظہار کیا۔مدیر مسئول نے اپنے دیگر مصروفیات میں مختلف علمی اداروں اور دار الکتب کا بھی دورہ کیا۔اہل مبرآ آل والاصحاب کے دعوت پر ظہرانے میں شرکت کی۔اس موقع پر مدیر مذکور نے جامعہ المرکز الاسلامی کے علمی تحقیقی خدمات کا تفصیلی تعارف پیش کیا۔

☆......دار المحبہ للایتام اپنے خدمات کا دائرہ دھیرے دھیرے وسیع کرنے کے لئے کوشاں ہے۔گذشتہ شوال المکرم میں سات نئے ایتام کو داخلہ دیا گیا۔اور مزید 250 ایتام کو سہولتیں فراہم کرنے کے لئے فیصلہ کیا گیا۔

☆......جامعہ علاقہ کی تعلیمی ضروریات پوری کرنے کے لئے نہ صرف دینی تعلیم کا انتظام کیے ہوئے ہے۔ بلکہ بچوں کو عصری تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنے کے لئے المرکز پبلک ہائی سکول کے نام سے باقاعدہ ادارہ کام کر رہا ہے۔مارچ کے مہینے میں المرکز پبلک ہائی سکول کے سالانہ امتحان منعقد ہوا۔امتحان سے قبل حضرت مہتمم صاحب کی صدارت میں اہم اجلاس ہوا۔جس میں طے پایا کہ تعلیمی عمل اور امتحانات کو ایسے انداز میں ہو کہ طلبہ میں حصول علم کا مضبوط جذبہ اور غیر متزلزل ارادہ پروان چڑھے،حضرت مہتمم صاحب نے خصوصی طور پر طلبہ میں نقل کے رجحان کی خوصلہ شکنی کے لئے ہدایات دیں تاکہ طلبہ واقعی حصولِ علم پر کمر بستہ ہوں۔

ایک عشرہ تک امتحان جاری رہا۔آغازِ اپریل سے نئی کلاسیں شروع ہوں گی۔

☆......تعلیمی سال 11-2010ء کے لئے ایتام کو اسٹیشنری اور یونیفارم کی فراہمی کے لئے خریداری جاری ہے۔نیز رواں تعلیمی سال میں یتیموں کو فنی کورسز کے ذیل میں 14 عدد نئے اعلیٰ معیار و برانڈ کے کمپیوٹر خریدے گئے۔تاکہ بچوں کی ضروریات کما حقہٗ پوری ہوں۔

☆......رواں تعلیمی سال کے دوران دار المحبہ للایتام کے 20 لڑکے نویں اور دسویں جماعتوں کے امتحان دے رہے ہیں۔ان طلبہ نے اسی چاردیواری سے حفظ القرآن الکریم بھی مکمل کی ہوئی ہے۔

......☆ تمت بالخیر ☆......

......☆☆☆☆☆......